# 06-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی حکومت نے اعلان کیا کہ اب سے ریاست میں کسی بھی فلم کی تشہیر سے متعلق شوز کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

۲۔تلنگانہ پاور جنریشن کارپوریشن کی جانب سے نلگنڈہ کے داماراچرلہ کے قریب تعمیر کئے گئے یدادری تھرمل پاوراسٹیشن کے 800 میگاواٹ یونٹ 2 کا کل افتتاح ہوگا۔

۳۔ریزروبینک آف انڈیا نے مسلسل 11 ویں مرتبہ پالیسی ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ریپوریٹ 6.50 فیصد برقرار رہے گا۔

اور

۴۔آئین کے معمار بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی 68 ویں برسی کے موقع پر مہا پری نروان دیوس منایا جارہا ہے۔

OO

بی آرایس پارٹی لیڈروں کی مبینہ غیر قانونی حراست کے خلاف احتجاج میں شدت پیدا کردی ہے۔بی آرایس نے آج ٹینک بینڈ حیدرآباد میں آج دھرنا منعقد کرنے کا فیصلہ کیا تھا تاہم پولیس نے بی آرایس کے کئی قائدین کو گھر پر نظر بند کردیا۔سابق وزیر ہریش راؤ،ایم ایل سی کویتا سمیت بی آر ایس کے کئی لیڈروں کو ان کے گھروں پر ہی نظر بند رکھا گیا۔اسی طرح قطب اللہ پور کے رکن اسمبلی کے پی وویکانندا،کوکٹ پلی کے رکن اسمبلی ایم کرشنا راؤ اور ایم ایل سی ایس راجو کو بھی ان کے گھروں پر نظر بند رکھا گیا اور پولیس نے ان کے گھروں کے باہر پہرا دیا۔ ریاست کے مختلف مقامات پر بھی بی آرایس قائدین اور کارکنوں کو بھی حراست میں لئے جانے کی اطلاعات ہیں۔بی آرایس کا کہنا ہے کہ یہ گرفتاریاں سیاسی محرکات پر مبنی ہیں اور اس سے لیڈروں کے جمہوری حقوق سلب ہورہے ہیں۔

OO

سنگارینی کالریز لمیٹڈ نے کریم نگر ضلع کے تماپور منڈل میں الوگنور موضع میں واقع لوور مانیر ڈیم میں 300 میگاواٹ فلوٹنگ سولار پلانٹ نصب کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔سنگارینی کالریز نے لوور مانیر ڈیم میں 300 میگاواٹ سولار پلانٹ کے قیام کے لئے پہلے ہی تفصیلی پراجکٹ رپورٹ تیار کرلی ہے۔دہلی کی بجلی وتوانائی کی ایک کمپنی کو اِس پراجکٹ کا مطالعہ کرنے کی ذمہ داری دی گئی ہے جس کی لاگت تقریباً ایک ہزار 640 کروڑ روپے ہوگی۔اس کے علاوہ کمپنی کو ملنا ساگر ذخیرے آب پر 500 میگاواٹ کے فلوٹنگ سولار پلانٹ کے قیام کی ڈی پی آر تیار کرنے کی بھی ذمہ داری دی گئی ہے۔

OO

بی آرایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی برسی کے موقع پر کانگریس کے ریاستی حکومت پر تنقید کی اور الزام لگایا کہ حکومت ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی بے ادبی کررہی ہے۔کے ٹی راماراؤ نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ٹینک بینڈ کے قریب واقع دنیا کے سب سے طویل 125 فٹ امبیڈکر کے مجسمہ کو نظر انداز کررہے ہیں اور کہا کہ عوام کی اس مجسمہ تک رسائی نہیں دی جارہی ہے۔ڈاکٹر امبیڈکر کے پوٹریٹ پر پھول مالا چڑھانے کے بعد تلنگانہ بھون میں میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے تارک راماراؤ نے سابق بی آرایس حکومت کی جانب سے ڈاکٹر امبیڈکر کے احترام میں کئے گئے اقدامات کا ذکر کیا اور کہا کہ حکومت نے دنیا کے سب سے بلند مجسمہ نصب کیا اور سکریٹریٹ کا نام بھی ڈاکٹر امبیڈکر کے نام سے موسوم کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مجسمہ کے احاطہ کو عوام کے لئے بند کرتے ہوئے ڈاکٹر امبیڈکر کی بے عزتی کررہے ہیں۔بی آر

ایس کے کارگذار صدر نے کانگریس پر الزام لگایا کہ اس نے سابق بی آر ایس حکومت کی جانب سے دلت بندھو کے تحت جاری کردہ چیکس منسوخ کر دئے۔ امبیڈکر اوورسیز اسکالرشپس روک دی اور قبائلیوں کو نظر انداز کر دیا ہے۔

○○

ریاستی حکومت نے اعلان کیا کہ اب سے ریاست میں کسی بھی فلم کی تشہیر سے متعلق شوز کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ریاستی وزیر سینماٹوگرافی کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے سندھیا تھیٹر آر ٹی سی کراس روڈ میں الوارجن اور رشمیکا مندانا کی فلم پشپا2 کے پریمیر شو کے دوران بھگدڑ میں ایک 35 سالہ خاتون کی موت کے تناظر میں یہ بیان دیا ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ سندھیا تھیٹر میں مچی بھگدڑ میں خاتون کی موت سے انہیں دکھ پہنچا ہے اور انہوں نے غمزدہ ارکان خاندان سے اظہار تعزیت کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ اب سے حکومت اس طرح کے شوز کی اجازت نہیں دے گی۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ریاستی حکومت اس واقعہ کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق ضروری کارروائی کرے گی۔

○○

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سکریٹریٹ کے احاطہ میں تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کے موقع پر بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ، مرکزی وزرا کشن ریڈی اور بنڈی سنجے کو مدعو کرے گی۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پیر کے روز مجسمہ کی نقاب کشائی کریں گے۔ اس ضمن میں سکریٹریٹ میں تیاریاں کی جارہی ہیں۔

○○

ونپرتی ضلع کلکٹر آدرش سورابھی نے کہا کہ طلبہ کو کوڈنگ اور تکنالوجی کے شعبہ میں مہارت حاصل کرنی چاہئے۔ کلکٹر نے ایڈیشنل کلکٹر سنچت گنگوار کے ہمراہ، گوپال پیٹ منڈل سنٹر میں کستوربا گاندھی بالیکا ودیالیہ کے نیوٹل اسکول آف تکنالوجی کے زیر نگرانی کوڈنگ اسکول کا افتتاح کیا۔ کلاس روms میں کمپیوٹر اور ڈیجیٹل بورڈس نصب کئے جائیں گے تاکہ طلبہ پائیتھن کوڈنگ سیکھ سکیں۔ اس موقع پر کلکٹر نے کہا کہ سبھی طلبہ کو اس تین مہینہ کے کورس سے استفادہ کرنا چاہئے۔

○○

ریزرو بینک آف انڈیا نے مسلسل 11 ویں مرتبہ پالیسی ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ ریپوریٹ 6.50 فیصد برقرار رہے گا۔ آر بی آئی نے چار دو کی اکثریت سے یہ فیصلہ کیا ہے۔ اسی طرح ایس ڈی ایف کی شرح 6.25 فیصد اور ایم ایس ایف کی شرح اور بینک کی شرح 6.75 فیصد رہے گی۔ آر بی آئی نے فروری 2023ء سے بنچ مارک شرح سود کو بھی برقرار رکھا ہے۔ آر بی آئی نے سی آر آر کو 50 بیسس پوائنٹس کم کرتے ہوئے اسے چار فیصد کر دیا ہے۔

○○

ریاستی حکومت نے پروفیسر گھنٹہ چکراپانی کو ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی کا وائس چانسلر مقرر کیا ہے۔ اس ضمن میں احکامات جاری کر دئے گئے۔ گھنٹہ چکراپانی تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کے پہلے چیرمین تھے۔ انہوں نے سال 2014 سے 2020ء تک یہ عہدہ سنبھالا۔ تلنگانہ تحریک کے دوران بھی انہوں نے اہم خدمات انجام دی۔ کریم نگر ضلع کے یسواڑہ گاؤں میں ان کی پیدائش ہوئی۔ انہوں نے عثمانیہ یونیورسٹی سے سوشیالوجی اور کمیونیکیشن اینڈ جنرلزم میں پوسٹ گریجویشن کیا۔ تعلیمی شعبہ میں آنے سے قبل انہوں نے بحیثیت جرنلسٹ تقریباً سبھی معروف تلگو نیوز پیپرز میں کام

کیا۔ان کی بارہ کتابیں اور 52 ریسرچ مضامین شائع ہو چکے ہیں۔انہیں سال 2014ء میں بہترین استاد کا ایوارڈ بھی مل چکا ہے۔

○○

محکمہ فوڈ اینڈ سیول سپلائز کے کمشنر بی ایس چوہان کو مرکزی وزیر امور صارفین پرہلاد جوشی کے ہاتھوں ایوارڈ حاصل ہوا ہے۔عوامی نظام تقسیم کے تحت غذائی اجناس کی نقل وحرکت میں روٹ آپٹی مائزیشن کے نفاذ میں ان کی خدمات کے اعتراف میں چوہان کو یہ ایوارڈ ملا ہے۔چوہان نے پی ڈی ایس میں یہ اختراعی نظام متعارف کرتے ہوئے ہندوستان میں تلنگانہ کو پہلی ریاست بنادیا تھا۔ اس نظام کے تحت بڑے پیمانے پر عوامی فنڈس کو بچانے میں مدد ملی اور استفادہ کنندگان تک شفافیت اور موثر طریقہ کے ساتھ غذائی اجناس کی فراہمی میں مدد ملی۔

○○

تلنگانہ پاور جنریشن کارپوریشن کی جانب سے نلگنڈہ کے دامارا چرلہ کے قریب تعمیر کئے گئے یدادری تھرمل پاور اسٹیشن کے 800 میگاواٹ یونٹ 2 کا کل افتتاح ہوگا۔سابق وزیراعلیٰ چندرشیکھر راؤ نے اس پراجکٹ کو شروع کیا تھا۔مختلف مرحلوں میں اس پراجکٹ کو تعمیر کیا جارہا ہے۔ پہلے اور دوسرے مرحلہ کا کام مکمل ہو چکا ہے اور اسے پاور گریڈ کے ساتھ منسلک کردیا گیا ہے۔مابقی دیگر مراحل مئی 2025ء تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ یہ پراجکٹ مکمل ہونے کے ساتھ اس کی گنجائش 4 ہزار میگاواٹ ہوجائے گی اوراس سے ریاست کی توانائی ضروریات کو تقویت ملے گی۔اس پاور پلانٹ کے ذریعہ بالواسطہ طور پر 2 ہزار ملازمتیں اور بلاواسطہ طور پر دو ہزار ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔جینکو نے سالانہ 14 ملین ٹن کوئلہ کے حصول کے لئے سنگارینی کالریز کمپنی کے ساتھ ایک معاہدہ پر دستخط کئے ہیں۔

○○

آئین کے معمار بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی 68 ویں برسی کے موقع پر مہاپری نروان دیوس منایا جارہا ہے۔قوم نے بابا صاحب امبیڈکر کر بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر ملک بھر میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں ملک کی تعمیر میں ڈاکٹر امبیڈکر کی خدمات کو اجاگر کیا گیا۔